بسم اللہ الرحمن الرحیم ط

اشارات

اس مرتبہ ترجمان القرآن میں "تفہیم القرآن" کا حصہ شائع نہیں ہو رہا اس کی وجہ، جیسا کہ احباب کو معلوم ہی ہے، محترم مولانا مودودی کی علالت ہے۔ شافیِ مطلق کے حضور میں دعا ہے کہ وہ مولانا کو جلد از جلد مکمل طور پر صحت یاب فرمائے تاکہ وہ دینی امور و مشاغل کی انجام دہی میں حسبِ معمول منہمک ہو سکیں۔ اُن کی علالت پاکستان کے دینی حلقوں کے لیے ہی نہیں بلکہ پوری دنیائے اسلام کے لیے سخت وجہِ اضطراب ہے۔ خصوصاً موجودہ پریشان کُن حالات میں اسلامی محاذ پر ان کی سخت ضرورت محسوس کی جا رہی ہے اور جو لوگ اس محاذ پر کام کر رہے ہیں وہ ہر قدم پر اپنے آپ کو ان کی رہنمائی کے محتاج پاتے ہیں۔ ترجمان القرآن کے قارئین سے درخواست ہے کہ وہ مولانا کی صحت یابی کے لیے دُعا فرمائیں۔

اس وقت ملک جس شدید بحران سے گذر رہا ہے یہ کوئی اتفاقی حادثہ نہیں جو اچانک ملک میں رُونما ہو گیا ہے بلکہ یہ فطری نتیجہ ہے اُن غیر اسلامی رُجحانات اور قوتوں کا جو اس ملک میں عرصہ دراز سے کام کر رہی ہیں۔ یہ وقت اب کسی کو کوسنے یا ایک دوسرے پر الزام لگانے کا نہیں بلکہ اس امر کا جائزہ لینے کا ہے کہ وہ کونسے اسباب اور کوتاہیاں تھیں جن کی وجہ سے ملک اس مصیبت میں گرفتار ہوا ہے۔ یہ قائدین جنہیں اس وقت موردِ الزام ٹھہرایا جا رہا ہے یا جن کی بے تدبیری اور ہٹ دھرمی کو ان روح فرسا حالات کا ذمہ دار قرار دیا جا رہا ہے۔ اُنہیں خود انہی غلط رُجحانات کے ریلے نے اُبھارا ہے۔ اگر